GOSPEL 316

# خُدا سے معافی مِل گئی

## "مُبارک ہے وہ جِس کی خطا بخشی گئی اور جِس کا گُناہ ڈھانکا گیا"۔ازبور 32: 1

ہم جو غلط کام کرتے ہیں (جِن کو بائبل کی زبان میں گُناہ کہا جاتا ہے) ہمیں خُدا سے جُدا کرتے ہیں۔ ہمیں خُدا کے ساتھ صحیح رہنے کے لئے اُس سے معافی کی اشد ضرورت ہے تاکہ ابدیت میں اُس کے ساتھ رہ سکیں۔ بائبل کی رُو سے معافی کا مطلب یہ نہیں ہے کہ خُدا کہہ رہا ہے کہ وہ اُن گُناہوں کو نظر انداز کر دے گا اور اُن کی ابدی سزا کو مِٹا ڈالے گا۔ نہیں اُن کا کفارہ ادا کرنا ضروری ہے۔ خُوشخبری یہ ہے کہ یسوع (بے عیب خُدا –اِنسان) نے صلیب پر اپنی جان او ر اپنا خُون دے کر کفارہ ادا کر دِیا ہے۔ ایک لحاظ سے اُس نے آپ کی جگہ لے لی ہے۔ یسوع آپ کی متبادل قربانی بن گیا ہے۔ لیکن یہ کافی نہیں ہوتا ہے۔ ضرورت ہے کہ وہ آپ پر لاگُو ہو ۔۔اُس کا منافع آپ کے کھاتے میں جائے۔ اہم سوال یہ ہے کہ یہ کیسے ثابت ہوتا ہے؟ یہ تب ہوتا ہے جب آپ توبہ کرتے ہیں (اپنے گُناہوں سے خُدا کی طرف پِھرتے ہیں) اور یسوع پر ایمان لاتے ہیں۔ اور صِرف تب جا کر آپ کوخُدا سے حقیقی معافی مِلتی ہے۔

### ہمارا مسئلہ ۔۔۔ جُدائی

"اِس لِئے کہ سب نے گُناہ کِیا اور خُدا کے جلال سے محرُوم ہیں۔" رومیوں 3: 23

"بلکہ تُمہاری بدکرداری نے تُمہارے اور تُمہارے خُدا کے درمیان جُدائی کر دی ہے اور تُمہارے گُناہوں نے اُسے تُم سے رُوپوش کِیا اَیسا کہ وہ نہیں سُنتا"۔ یسعیاہ 59: 2

"اور جو خُدا کو نہیں پہچانتے اور ہمارے خُداوند یِسُوعؔ کی خُوشخبری کو نہیں مانتے اُن سے بدلہ لے گا۔ وہ خُداوند کے چِہرہ اور اُس کی قُدرت کے جلال سے دُور ہو کر ابدی ہلاکت کی سزا پائیں گے"۔ ۲- تھِسّلُنیکیوں 1: 8-9

"کیونکہ گُناہ کی مزدُوری مَوت ہے مگر خُدا کی بخشِش ہمارے خُداوند مسیح یِسُوعؔ میں ہمیشہ کی زِندگی ہے"۔ رومیوں 6: 23

"کیونکہ جب ہم کمزور ہی تھے تو عَین وقت پر مسیح بے دِینوں کی خاطِر مُؤا"۔ رومیوں 5: 6

### خُدا کا حل ۔۔۔ متبادل

"کیونکہ خُدا نے دُنیا سے اَیسی مُحبّت رکھّی کہ اُس نے اپنا اِکلَوتا بیٹا بخش دِیا تاکہ جو کوئی اُس پر اِیمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زِندگی پائے"۔یُوحنّا 3: 16

"مُحبّت اِس میں نہیں کہ ہم نے خُدا سے مُحبّت کی بلکہ اِس میں ہے کہ اُس نے ہم سے مُحبّت کی اور ہمارے گُناہوں کے کفّارہ کے لِئے اپنے بیٹے کو بھیجا"۔ ا-یُوحنّا 4: 10

"لیکن خُدا اپنی مُحبّت کی خُوبی ہم پر یُوں ظاہِر کرتا ہے کہ جب ہم گُنہگار ہی تھے تو مسیح ہماری خاطِر مُؤا"۔ رومیوں 5: 8

"وہ آپ ہمارے گُناہوں کو اپنے بدن پر لِئے ہُوئے صلِیب پر چڑھ گیا تاکہ ہم گُناہوں کے اِعتبار سے مَر کر راست بازی کے اِعتبار سے جِئیں اور اُسی کے مار کھانے سے تُم نے شِفا پائی"۔ ا-پطرؔس 2: 24

"لیکن جِتنوں نے اُسے قبُول کِیا اُس نے اُنہیں خُدا کے فرزند بننے کا حق بخشا یعنی اُنہیں جو اُس کے نام پر اِیمان لاتے ہیں"۔ یُوحنّا 1: 12

### آپ کی معافی کا راستہ۔۔۔یسوع پر اِیمان لانا

"اِس شخص کی سب نبی گواہی دیتے ہیں کہ جو کوئی اُس پر اِیمان لائے گا اُس کے نام سے گُناہوں کی مُعافی حاصِل کرے گا۔" اَعمال10: 43 "کیونکہ تُم کو اِیمان کے وسِیلہ سے فضل ہی سے نجات مِلی ہے اور یہ تُمہاری طرف سے نہیں۔ خُدا کی بخشِش ہے۔ اور نہ اَعمال کے سبب سے ہے تاکہ کوئی فخر نہ کرے"۔ اِفِسیوں 2: 8-9 آپ توبہ کر کے یسوع پر ایمان لا سکتے ہیں (صِرف اُس کے متعلق ایمان نہیں) یعنی اِیمان لانے سے یسوع کی طرف پھِرنے سے۔ آپ کے لئے اِس پر عمل کرنے کا ایک راستہ موجود ہے۔ یہ کوئی حلف یا منتر نہیں۔ اگر یہ واقعی آپ کی دِلی خواہش ہے تو ضرور دُعا کیجئے۔

**اَے پیارے خُدا!**
**مَیں اپنی ضرورت کو تسلیم کرتا/کرتی ہُوں۔۔۔مَیں گُنہگار ہُوں۔**
**مَیں اپنے گُناہوں کو چھوڑ کر تیرے پاس آتا / آتی ہُوں۔**
**مَیں ایمان لاتا / لاتی ہُوں کہ خُدا ہوتے ہُوئے اُس نے میری خاطر صلیب پر اپنی جان دی۔**
**مَیں اُسے دعوت دیتا /دیتی ہُوں کہ میرا نجات دہندہ بن۔**
**آمین۔**

یسوع نے آپ کے گناہوں کا کفارہ ادا کیا۔ اور یسوع پر ایمان لانے سے، اس کی ادائیگی آپ کی ادائیگی بن گئی ہے۔

"کیونکہ خُدا نے دُنیا سے اَیسی مُحبّت رکھّی کہ اُس نے اپنا اِکلَوتا بیٹا بخش دِیا تاکہ جو کوئی اُس پر اِیمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زِندگی پائے"۔ یُوحنّا 3: 16۔



**"مُبارک ہے وہ جِس کی خطا بخشی گئی اور جِس کا گُناہ ڈھانکا گیا۔" زبُور32: 1**

خُدا سے معافی مِل گئی کی مفت پی ڈی ایف کو Gospel316.org کے ساتھ مُفت لف کر دِیا گیا ہے۔

**"اگر آپ نے سچے دل سے دعا مانگی ہے۔** مَیں تُم سے سچ کہتا ہُوں کہ جو میرا کلام سُنتا اور میرے بھیجنے والے کا یقین کرتا ہے ہمیشہ کی زِندگی اُس کی ہے اور اُس پر سزا کا حکم نہیں ہوتا بلکہ وہ مَوت سے نِکل کر زِندگی میں داخِل ہو گیا ہے"۔ (یُوحنّا 5: 24) آپ محفوظ ہیں کیونکہ کوئی آپ کو اُس کے قادر ہاتھ سے نہیں چِھین سکتا۔ بجائے اِس کے کہ آپ اُس کو پکڑیں اُس نے آپ کو تھام رکھا ہے۔ یسوع نے کہا،"اور مَیں اُنہیں ہمیشہ کی زِندگی بخشتا ہُوں اور وہ ابد تک کبھی ہلاک نہ ہوں گی اور کوئی اُنہیں میرے ہاتھ سے چِھین نہ لے گا۔ میرا باپ جِس نے مُجھے وہ دی ہیں سب سے بڑا ہے اور کوئی اُنہیں باپ کے ہاتھ سے نہیں چِھین سکتا"۔یُوحنّا 10: 28-29۔

**اگر آپ دُعا کے لئے تیار نہیں تھے تو** اِسے اپنی اولین ترجیح بنالیجئے۔ "اور جِس طرح آدمیوں کے لِئے ایک بار مَرنا اور اُس کے بعد عدالت کا ہونا مُقرّر ہے"۔ عِبرانیوں 9: 27۔ آپ کا فیصلہ ابدی اہمیت اور نتیجہ کا حامل ہے۔ قبر سے آگے کوئی دوسرا موقع نہیں ہے اگر آپ کے پاس ایسے سوالات ہیں جو آپ کے فیصلہ کی راہ میں رُکاوٹ ہیں تو اُس سے پوچھئے جس نے آپ کو یہ دِیا ہے۔

## مثالیں اور تعریفیں

### معافی۔

معافی۔ بائبل کی معافی ہمارے گُناہ کے جُرمانہ کا تقاضا کرتی ہے۔ گُناہ کا جُرمانہ خُدا سے دائمی جُدائی ڈالتا ہے۔ بائبل کی معافی آپ کے گُناہ اور اُس کی سزا کوخُداوند یسوع پر منتقل کر دیتی ہے۔ خُدا نے ہماراگُناہ اور اُس کی سزا بے گُناہ خُداوند یسوع المسیح کو دے دی۔ اور پھر خُدا نے اپنی راست بازی ہمیں عطا کر دی ہے۔ ایسا ہے گویا آسمان پر دو کِتابیں موجود ہیں۔ بائبل کی معافی کامطلب یہ ہے۔ آپ کے نام کی پہلی کتاب میں آپ کی غلطیاں درج کی جاتی ہیں۔ اُس کے صفحات نشانات سے بھرے ہیں۔ بائبل واضح طو ر پر بیان کرتی ہے کہ کچھ کام جو ہم کرتے ہیں وہ اِختیاری گُناہ ہیں (سوچ سمجھ کر کئے جانے والے گُناہ) اور کچھ کام جو ہم نہیں کرتے وہ بھی گُناہ ہیں (ان کو غفلت سے ہونے والے گُناہ کہا جاتا ہے)۔یہاں تک کہ کچھ خیالات بھی گُناہ ہو سکتے ہیں۔ ہرروز تین گُناہ ہر سال 1،000 کے برابر ہیں۔ پوری زِندگی میں بہت سارے گُناہ بن جاتے ہیں۔ دوسری کِتاب بے گُناہ یسوع کی کتاب ہے۔ اُس کے صفحات صاف اور بے داغ ہیں۔ جب آپ یسوع المسیح پر ایمان لاتے ہیں، تو ایسا لگتا ہے کہ جیسے اُن کتابوں کے سرِ ورق بدل گئے ہیں۔ پھر جِس کتاب کے اُو پر آپ کا نام ہے وہ پوری طرح صاف ہو جاتی ہے۔ آپ کے گُناہ اور اُن کی سزا مِٹا دی جاتی ہے۔

### ایک حقیقی حل

یسوع نے کہا،"۔۔۔۔" راہ اور حق اور زِندگی مَیں ہُوں۔ کوئی میرے وسِیلہ کے بغَیر باپ کے پاس نہیں آتا"۔ یُوحنّا 14: 6۔ ہمارے گُناہ کی وجہ سے ہمارے اور خُدا کے درمیان جو جُدائی پڑ گئی تھی اُس کا حل بالکل منفرد ہے۔ دوسرے مذاہب تقاضا کرتے ہیں کہ ہمیں اپنے گُناہوں کے ساتھ ابدیت کا سامنا کرنا ہوگا اِس اُمید کے ساتھ کہ خُدا جو بھی شاید اُسے نظر انداز کردے گا۔ یسوع کا ہمارے گُناہوں کو معاف کرنے کا طریقہ منفرد ہے۔۔۔ وہ گُناہوں کو دھو ڈالتا ہے۔ اور ہم اپنے مِٹے ہُوئے گُناہوں کے ساتھ ابدیت کا سامنا کریں گے کیونکہ وہ یسوع نے اُٹھا لئے تھے۔ پطرس رسُول کہتا ہے" اور کِسی دُوسرے کے وسِیلہ سے نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمِیوں کو کوئی دُوسرا نام نہیں بخشا گیا جِس کے وسِیلہ سے ہم نجات پا سکیں"۔ اَعمال 4: 12۔ پولُس رسول نے لکھا "کیونکہ خُدا ایک ہے اور خُدا اور اِنسان کے بِیچ میں درمِیانی بھی ایک یعنی مسیح یِسُوعؔ جو اِنسان ہے۔ جِس نے اپنے آپ کو سب کے فِدیہ میں دِیا کہ مُناسِب وقتوں پر اِس کی گواہی دی جائے"۔ ا-تِیمُتھِیُس 2: 5-6 "یسوع کا راستہ ہی اصل حل ہے۔

### یسوع پر ایمان لا۔

یسوع پر ایمان لانا یسوع کے متعلق ایمان لانے سے بڑھ کر ہے ۔ تصور کریں کہ آپ ایک جہاز میں سوار ہیں جو پہاڑوں کے اُوپر اُڑ رہا ہے اور اچانک اُس کا انجن بند ہو جاتا ہے ۔ جہاں کوفناک حادثہ کا شکار ہونےھ والا ہے ۔ پائلٹ سب کو ہدایت دیتا ہے کہ اپنا اپنا پیراشوٹ پہن کر کھُلے دروازہ سے کُود جاؤ۔ کیا آپ پرا شوٹ کے بارے میں جانتے ہیں ؟ کیا آپ نے کبھی ٹی وی پر پیراشوت کے متعلق دیکھا ہے ؟ لیکن اب صورت حال مختلف ہے ۔ جہاز سے باہر کودنے کے لئے پراشوٹ کے متعلق صرف جاننے سے زیادہ کی ضرورت یے ۔یہاں پیراشوٹ پر یقین کرنے کی ضرورت ہے ۔ اور چھلانک لگانے والے کچھ لوگتوں کا بیگ کام نہیں کرے گا ۔ آپ کی زندگی کو درست پیراشوٹ کی ضرورت ہے ۔ اُس کے بغیر کُودنا یقینی موت ہے ۔ پیرا شوٹ کے ساتھ کودنا 100 فی صد اِیمان کا عہد ے ۔ آپ کو کچھ شک ہو سکت اہے لیکن بقا کا تقاضہ ہے پیراشوٹ پر پور بھروسا کِیا جائے۔ خُداوند یسوع 100 فی صد ایک حقیقی پیرا شوٹ ہے ۔ اِیمان کے ساتھ باہر قدم رکھیں ،اُس پر ایمان لائیں۔

**ہدایات برائے چھپائی۔** ایک صفحے پر دو طرفہ چھپائی تجویز کی جاتی ہے۔ رنگین یا سیاہ و سفید میں چھپائی کریں۔

ایکٹس ون ایٹ کے ذریعہ شائع کیا گیا ہے اور 2024 www.Gospel316.org © سے ہے۔
آپ کو بغیر کِسی تبدیلی کے یہ بیان پرنٹ کرنے، نقل کرنے اور ارسال کرنے کی مکمل آزادی ہے ۔ تاہم آپ اپنی منسٹری کا نام، چرچ کانام یا لوگوں شامل کر سکتے ہیں ۔ اعمال 1ایک آٹھ صرف بائبل پر مبنی ہے ۔ یہ خُداوند یسوع مسیح کے پاسایمان میں آنے اور پھر اُس کے شاگرد بننے میں لوگوں کی مدد کے لئے دستیاب ہے۔ انگریزی کے علاوہ دیگر زبانوں میں فراہم کرنے کی خدمات www.ChristianLingua.com نے سر انجام دی ہیں ۔ اُردو مین بائبل کے سوالا ریوائزڈ ورژن سے لئے گئے ہیں ۔ بائبل کے سوالات (ریوائز ورژن بائبل) سے لئے گئے ہیں۔